1995-جب مستحق اموال کی وصولی میں تاخیر ہو تو اس کی زکاۃ کیسے ادا ہو گی ؟

سوال

جو سرکاری استحقاقات وصول کیے جاتے ہیں وہ گزشتہ برسوں کے ہوتے ہیں، تو کیا ان استحقاقات کی وصولی کے بعد اس کی زکاۃ واجب ہوتی ہے ؟
اور اگر واجب ہوتی ہے تو کیا ایک برس کی ادا کی جائے گی ؟ یا اس کا حساب کس طرح ہے ؟

پسندیدہ جواب

اگر تو معاملہ ایسا ہی ہو جیسا بیان کیا گیا ہے، تو وہ اسے وصول کرنے کے بعد اس پر نیا سال شمار کرے، اور سال مکمل ہونے پر اس کی زکاۃ ادا کرے گا، اور جو برس بیت چکے ہیں اس کی زکاۃ نہیں، کیونکہ وہ اس وقت اس کی مستقل ملکیت میں نہ تھے.